پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

19 مئی، 2018

آر بی آئی نے ''شیوم سہکاری بینک لمٹیڈ، اِچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر'' کو ہدایت جاری کی

ریزرو بینک آف انڈیا نے (مورخہ 18 مئی 2018 کے ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس ۔ سی او۔بی ایس ڈی ۔ آئی / ڈی 6/12.22.351/2017.18)، شیوم سہکاری بینک لمٹیڈ، اِچلکرنجی، ضلع کولہاپور، مہاراشٹر کو کچھ ہدایات (پابندی) کے تحت رکھا ہے۔ ان ہدایات کے مطابق ڈپازٹرس کو ان کے کل پیمنٹس سے صرف ایک ہزار روپیہ (Rs.1000/-) تک کی رقم نکالنے کی اجازت کرنٹ اکاؤنٹ، سیونگ بینک اکاؤنٹ یا کوئی اور ڈپازٹ اکاؤنٹ سے ہوگی۔ اور یہ نکاسی بھی آر بی آئی کی ہدایت کی شرط کے ساتھ ہوگی۔ یہ سہکاری بینک بغیر ریزرو بینک کی پیشگی تحریری اجازت کے کسی کو قرض کی منظوری، قرض کی تجدید/ پیشگی رقم نہیں دے سکے گی اور نہ ہی وہ کسی سے رقم ادھار لے سکے گی اور نہ ہی وہ کسی طرح کا انویسٹمنٹ کر سکے گی وہ کسی بھی طرح سے اپنے اثاثہ اور پراپرٹی کو فروخت نہ کر سکے گی سوائے ان کے جس کے بارے میں ریزرو بینک نے اپنے ڈائریکٹو میں ذکر کیا ہو، یہ ہدایات 19 مئی 2018 کو بینک کے کام کے اختتام سے عمل میں آئیں گی۔

ریزرو بینک کے ذریعہ ہدایات جاری ہونے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ریزرو بینک نے اس سہکاری بینک کا بینکنگ لائسنس منسوخ کر دیا ہے۔ بینک معمول کے مطابق اپنا کاروبار صرف پابندیوں کے ساتھ جاری رکھے گی۔ جب تک اس کی مالی حالت میں سدھار نہیں ہوتا ہے۔ ریزرو بینک حالات کے مدنظر اپنی ہدایات میں ترمیمات پر غور بھی کرسکتا ہے۔

ریزرو بینک نے یہ ہدایات بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن 35A کے سب سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جاری کی ہیں۔ ان ہدایات کی ایک کاپی بینک احاطہ میں عوام کی جانکاری کے لئے مظاہرہ کے لئے رکھی جائے۔

پریس ریلیز 3045/2017-2018

اجیت پرساد
اسسٹنٹ ایڈوائزر